تبصرہ: خادم حسین

حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

ششماہی "السیرۃ" العالمی شمارہ ۲، ۳، (کراچی)

اچھا نام، پاکیزہ عنوان، نورانی کام اور علمی و تحقیقی مواد پر مشتمل انتہائی خوبصورت ششماہی مجلہ ربیع الاول ۱۴۲۰ھ جون ۱۹۹۹ء کو اس کا پہلا شمارہ منظر عام پر آیا رمضان ۱۴۲۰ھ دسمبر ۱۹۹۹ء کو دوسرا اور ربیع الاول ۱۴۲۱ھ، جون ۲۰۰۰ء کو تیسرا شمارہ شائع ہوا ہر شمارہ پہلے سے بہتر صورت میں پیش کیا گیا اور اپنی مختصر سی صحافتی زندگی میں السیرۃ العالمی نے دینی رسائل و جرائد میں اپنا نام اور مقام دونوں کو منوا لیا ہے صوری اور معنوی اعتبار سے کسی بھی جریدہ سے کم نہیں سوجھنے کی بات ہے اور مخدوم محترم سید فضل الرحمن صاحب کو خوب سوجھی انہوں نے تحریری خدمت کیلئے جس عنوان کو منتخب کیا اس کی شان و عظمت ہی نرالی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ پر قیامت تک لکھا جاتا رہے گا۔ لیکن امت پر آپ علیہ السلام کا حق اداء نہیں ہوسکے گا۔ مخدوم محترم سید فضل الرحمن اور سید عزیز الرحمن صاحب نے توفیق الٰہی سے جو کارنامہ انجام دیا ہے وہ اس کیلئے بجا طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

"السیرۃ" کے دوسرے شمارہ رمضان ۱۴۲۰ھ، دسمبر ۱۹۹۹ء میں درج ذیل تحریریں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ وحی کیا ہے؟ مولانا سید محبوب حسن واسطی حدیث کی حجیت، ڈاکٹر مفتی محمد مظہر بقا مقام محمد صلی اللہ علیہ وسلم احادیث کی روشنی میں، ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی اسراء معراج، روحانی یا جسمانی، سید فضل الرحمن عہد نبوی کے نظام تعلیم و تربیت میں صفہ و اصحابِ صفہ کا کردار، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی تجارت کے اصولِ ہادی اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں، سید عزیز الرحمن احادیث کے محاورات و استعارات، ڈاکٹر منیر احمد خان پیغام سیرت کے طور پر "عدم برداشت اور تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم" کے زیر عنوان علمی و تحقیقی اداریہ مجلہ کی جان ہے جو قرآن و حدیث کے دلائل سے مرصع و مجلا ہے موجودہ قومی زوال کے اسباب میں ایک عدم برداشت کا رویہ بھی ہے۔

حسب سابق تیسرا شمارہ بابت ربیع الاول ۱۴۲۱ھ جون ۲۰۰۰ء بھی علمی و تحقیقی مضامین کے جلو میں منصہ شہود پر ہے اپنے قاری کو ایک ایسے نورانی ماحول میں پہنچا دیتا ہے جہاں سکون روح، اطمینانِ قلب وافر ہے۔ "احتساب کی ضرورت اور اس کا اسلامی طریقہ کار" کے زیر عنوان وقیع اداریہ میں پاکستان میں عدم احتساب کا جائزہ لیا گیا ہے۔ نقصانات اور تباہی سے بچنے کیلئے اسوۂ حسنہ اور خلفاء راشدین کے عمل کی روشنی میں احتساب کی مثالیں پیش کر کے حکمران اور رعایا دونوں کو خبردار کیا گیا ہے۔

سیرت کی تعریف اور حدود و قیود، مولانا اکرام اللہ جان قاسمی، مقام محمد صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کریم کے آئینے میں، ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی میثاقِ مدینہ، سیاست نبوی کا مثالی شاہکار، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دفاعی اور عسکری حکمت عملی، شاہ مصباح الدین شکیل انسانی جنس کا ارتقاء، قرآن مجید، احادیث نبوی اور جدید سائنس کی روشنی میں، ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری بلوچستان میں پاکستانی زبانوں میں تذکرۂ سیرت،